پریس ریلیز

گوجرانوالہ 30 اکتوبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے 45واں سالانہ جنرل اجلاس برائے سال 24-2023ء کیلئے دوسری مرتبہ منتخب ہونے والے صدر ضیاء الحق صدر، حمیس گلزار مغل سینئر نائب صدر اور عادل ندیم نائب صدر کا باضابطہ اعلان سالانہ جنرل اجلاس میں کیا گیا ۔اس موقع پر آئندہ سال کیلئے منتخب صدر ضیاء الحق نے خطاب کرتے ہوئے چونکہ پہلے صدارت کا دورانیہ ایک سال تھا اب حکومت نے ترمیم کر کے صدارت کے دورانیئے کو دو سال کیلئے کر دیا ہے۔اس سے فائدہ یہ ہوگا کہ ایسے منصوبہ جات جو شروع کیے ہوتے ہیں انہیں مکمل کرنے میں مدد ملے گی ۔پچھلے سال جو منصوبہ جات ہم نے شروع کئے وہ تکمیل کے مراحل میں ہیں رواں سال نہ صرف انہیں مکمل کر لیا جائے گا بلکہ نئے منصوبوں کی بنیاد رکھی جا سکے گی۔انہوں نے کہا کہ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں جس طرح پچھلے سال اپنے ذاتی کاروباری اور مصروفیت کو پس پشت ڈال کر بزنس کمیونٹی کی خدمت کی ہے رواں سال اس سے بڑھ کر کاروباری مسائل کو حل کرنے کا عزم کیا ہے۔ امید کرتا ہوں کہ جس طرح گزشتہ سال آپ کی آراء اور مشاورت میرے ساتھ شامل حال رہی رواں سال بھی آپ اس روایت کو جاری رکھیں گے اور ہم بہتر طریقے سے پرفامنس دے سکیں گے۔

اس موقع پر نو منتخب سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل اور نائب صدر عادل ندیم نے میڈیا کو انٹر یو دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ گوجرانوالہ چیمبر کی اچھی روایات کو برقرار رکھیں گے اور گزشتہ سال کی طرح اپنے سینئرز کی مشاورت سے چیمبر کے تمام معاملات کو نہایت خوش اسلوبی سے سرانجام دیں گے۔ بعدازاں عہدیداران نے نئے عزم کے ساتھ اگلے سال کیلئے اپنے اپنے عہدوں کا چارج سنبھال لیا۔صدر ضیاء الحق نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے پورے سال کی کارکردگی کی سالانہ رپورٹ 23-2022ء جنرل اجلاس میں پیش کی جسے تمام اراکین نے متفقہ طور پر منظور کر لیا۔